نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت جنوبی پنجاب میں کپاس اور سیلاب کی صورتحال سے متعلق ملتان و بہاولپور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور02اگست 2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ موجودہ سال کپاس کی بحالی کا سال ہے ۔امسال کپاس کی مارکیٹ مستحکم رہنا نہایت خوش آئند ہے کیونکہ اس سے کاٹن سپلائی چین پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ رواں ماہ کے دوران کپاس کی فصل سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے نیوٹریشنل مینجمنٹ پر خاص توجہ دی جائے ۔اس کے علاوہ کپاس کی سرویلنس ،نگرانی اور ضرررساں کیڑوں کے تدارک کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔وہ آج ملتان و بہاولپور میں جنوبی پنجاب میں کپاس اور سیلاب کی موجودہ صورتحال کی مانیٹرنگ کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں کپاس کی حالت تسلی بخش ہے اور کپاس کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے ترجیحاً اقدامات کئے جا رہے ہیں۔تاہم بعض علاقوں میں سفید مکھی، ملی بگ اور گلابی سنڈی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔رپورٹ ملنے پر زراعت توسیع اور پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں جدید کیمسٹری کی حامل زرعی زہروں کا سپرے کر رہی ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ضرررساں کیڑوں وسنڈیوں کے تدارک کے لئے جامع حکمت عملی مرتب کرنے کے لئے زرعی ماہرین کے ٹیکنیکل سیشن کا انعقاد کیا جائے تاکہ موسم کی صورتحال اور ہاٹ سپاٹ ایریا کو مدنظر رکھتے ہوئے کاشتکاروں کے لئے ایڈوائزری مرتب کی جا سکے جسے بعد ازاں زرعی توسیعی کارکنان کے ذریعے کاشتکاروں تک فوری پہنچایا جائے۔بریفنگ کے دوران مزید بتایا گیا کہ اگیتی کاشتہ کپاس کی فصل کی چنائی جاری ہے اور اب تک مجموعی طور پر جنوبی پنجاب میں 6لاکھ گانٹھوں سے زائد کپاس جیننگ فیکٹریوں میں پہنچ چکی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو جیننگ فیکٹریوں میں کپاس کی پھٹی کی آمد کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ اس کے علاوہ کپاس کی صاف چنائی کے لئے بھی کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جائے تاکہ صاف اور خشک کپاس کی چنائی سے کاشتکاروں کو بھرپور منافع مل سکے۔اس ضمن میں زراعت توسیع کے افسران وعملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہوں۔ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ جنوبی پنجاب میں سیلاب سے متاثرہ کپاس کی فصل کی بحالی کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جا رہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں قبل از وقت تمام فصلات بشمول کپاس کے تحفظ کیلئے اقدامات کرنے، محکمہ آبپاشی سے مکمل رابطہ رکھنے اور سیلاب کی صورتحال کو مانیٹر کر کے جامع رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کی۔انھوں نے واضح کیا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں استحکام کا باعث ثابت ہوگی۔اس لئے تمام افسران وعملہ اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دے۔

☆☆☆☆